رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

ٹیلیفون نمبر ۹۱

اللہ اکبر

روزنامہ

الفضل قادیان

THE DAILY

ALFAZL, QADIAN.

ایڈیٹر غلام نبی

تار کا پتہ الفضل قادیان

شرح چندہ پیشگی

سالانہ صہ

ششماہی ۸ہ

سہ ماہی ۳/۱۲

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

قیمت سالانہ پیشگی بیرون ہندوستان ۱۸ عہ

جلد ۲۵ | ۱۷ جمادی الاوّل سنہ ۱۳۵۶ھ | یوم سہ شنبہ | مطابق ۲۷ جولائی سنہ ۱۹۳۷ء | نمبر ۱۷۲

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

لعنتی انسان کے تمام منصوبے خدا تعالیٰ خاک میں ملا دیگا

"وہ خدا جس کا قوی ہاتھ زمینوں اور آسمانوں اور اُن سب چیزوں کو جو ان میں ہیں تھامے ہوئے ہے۔ وہ کب انسان کے ارادوں سے مغلوب ہو سکتا ہے۔ اور آخر ایک دن آتا ہے۔ جو وہ فیصلہ کرتا ہے۔ پس صادقوں کی یہی نشانی ہے۔ کہ انجام انہی کا ہوتا ہے۔ خدا اپنی تجلیات کے ساتھ ان کے دل پر نزول کرتا ہے۔ پس کیونکر وہ عمارت منہدم ہو سکے جس میں وہ حقیقی بادشاہ فروکش ہے۔ ٹھٹھا کرو جس قدر چاہو۔ گالیاں دو جس قدر چاہو۔ اور ایذا اور تکلیف دہی کے منصوبے سوچو جس قدر چاہو۔ اور میرے استیصال کے لئے ہر ایک قسم کی تدبیریں اور مکر سوچو جس قدر چاہو۔ پھر یاد رکھو۔ کہ عنقریب خدا تمہیں دکھلا دیگا۔ کہ اس کا ہاتھ غالب ہے۔ نادان کہتا ہے۔ کہ میں اپنے منصوبوں سے غالب ہو جاؤنگا۔ مگر خدا کہتا ہے۔ کہ اے لعنتی دیکھ۔ میں تیرے سارے منصوبے خاک میں ملا دونگا۔" (اربعین نمبر ۴ ص ۳۰)

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۵۔ جولائی۔ سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق آج ۹½ بجے شب کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ حضور کو درد شکم کی شکایت ہے۔

آج حضور نے ۸ بجے صبح نصرت گرلز ہائی سکول میں تقریر فرمائی۔ اور طالبات کو اسلامی اخلاق کا اعلیٰ نمونہ بننے کی تاکید فرمائی۔ مفصل تقریر انشاء اللہ تعالیٰ بعد میں شائع کی جائے گی۔

حضرت ام المؤمنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔

آج خدا تعالیٰ کے فضل سے ابو العطاء مولوی اللہ دتا صاحب جالندھری کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ احباب مولود کے مسعود ہونے اور خادم دین بننے کی دعا فرمائیں۔

مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری محمود پور ضلع کرنال سے واپس آ گئے ہیں۔

قادیان میں اظہارِ عقیدت و اخلاص کے جلسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بزمِ احمد کا جلسہ

۲۳ جولائی ۔ بعد نماز مغرب قادر آباد متصل قادیان میں بزم احمد کا موجودہ فتنہ کے متعلق ایک اہم جلسہ زیر صدارت جناب مولوی عبدالمغنی خانصاحب ناظر دعوۃ و تبلیغ منعقد ہوا ۔ جس میں مولوی ابوالعطاء اللہ دتا صاحب جالندہری حضرت میر محمد اسحاق صاحب مولوی عبدالوہاب صاحب اور مولوی محمد اسمٰعیل صاحب اور مولوی حافظ مبارک احمد صاحب نے تقاریر کیں ۔ بعد ازاں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰے کے دامن سے وابستگی اور عقیدت کے اظہار میں قرار دادیں پاس کی گئیں ۔

سکرٹری بزم احمد

جمعیۃ الافاغنہ قادیان کا جلسہ

قادیان ۲۴ جولائی ۔ کل بعد نماز عشاء مسجد اقصٰے میں زیر صدارت جناب مولوی عبدالمغنی خان صاحب ناظر دعوت و تبلیغ جمعیۃ الافاغنہ کا جلسہ منعقد ہوا ۔ جس میں حسب ذیل اصحاب نے تقریریں کیں ۔ (۱) مولوی محمد شہزادہ خانصاحب مولوی فاضل (۲) مولوی عبدالاحد صاحب مولوی فاضل (۳) مولوی حافظ مبارک احمد صاحب (۴) مولوی ابوالعطاء اللہ دتا صاحب جالندہری ۔

اس کے بعد حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰے سے عقیدت کے اظہار کے لئے قرارداد پاس کی گئی ۔ اور آخر میں جناب صدر نے مختصر تقریر کی ۔ جس میں فرمایا ۔ فتنہ پرداز گروہ مظلومیت کی چادر پہن کر ظلم کرنا چاہتا ہے ۔ حالانکہ حقیقت میں وہ ظالم اور ہم مظلوم ہیں ۔ اور وہ اپنی اس چال میں بڑھتا جاتا ہے ۔ ہمارے دلوں کو انہوں نے بری طرح مجروح کیا ۔

عبدالرحیم خان سکرٹری

المبشر لٹریری کلب کا جلسہ

قادیان ۲۵ جولائی ۔ آج بعد نماز عشاء مسجد اقصٰے میں زیر صدارت جناب مرزا عبدالحق صاحب بی ۔ اے ۔ ایل ۔ ایل بی المبشر لٹریری کلب کا جلسہ ہوا ۔ جس میں مسٹر عبدالرحیم صاحب شبلی ۔ مولوی عبدالوہاب صاحب عمر ۔ جناب سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب ۔ میاں عطاء اللہ صاحب بی ۔ اے ۔ ایل ۔ ایل ۔ بی اور مولوی ظہور حسین صاحب نے تقریریں کیں ۔ اور آخر میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز سے اظہار عقیدت و اخلاص اور جماعت سے نکلنے والوں کے افعال کے خلاف اظہار نفرت کی قراردادیں پیش ہو کر متفقہ طور پر پاس ہوئیں اور جلسہ گیارہ بجے ختم ہوا ۔

"الفضل" کا خاص نمبر

مجلس انصار سلطان القلم کے اراکین نے حالات حاضرہ کو مدنظر رکھ کر خلافت کے متعلق متعدد مضامین تحریر کئے ہیں ۔ یہ مضامین الفضل کے ایک خاص نمبر میں عنقریب شائع ہونگے ۔ انشاء اللہ ۔ جو دوست اس نمبر کی زائد کاپیاں طلب فرمانا چاہیں ۔ وہ پتہ ذیل پر ڈاک کا خرچ ارسال فرمائیں ۔

سکرٹری انجمن انصار خلافت قادیان

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۲۴ جولائی ۱۹۳۷ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

ذیل کے اصحاب بذریعہ خطوط حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰے کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخلِ احمدیت ہوئے ۔

نوٹ :۔ آئندہ ہندوستان اور بیرون ہند کے نو بایع اصحاب کے نام الگ الگ شائع نہیں کئے جایا کریں گے ۔ اس وقت تک اندرون ہند اور بیرون ہند کے نو مبایعین کی تعداد ۸۰۳ ہے ۔ چنانچہ اگلا نمبر ۸۰۴ سے شروع ہوتا ہے ۔

804	Mrs Soeganda Sb Batavia Samatra.		
805	" Sambi Sb.	"	"
806	" Moehajar Sb.	"	"
807	Sariah Sahibah	"	"
808	Oni	" "	"
809	Aseni	"	"
810	Mr Djamal Daoed Sb.		"
811	" Mohammad Ropiie "		"
812	" Noerdeen		"
813	Soekaesih Sahibah		"
814	Saenah	"	"
815	Mr Saman Sb.		"
816	Oenah Sahiba "		"
817	Mr Ahmad doel Hadi Sb.		"
818	" Mian. Sb.		"
819	Roepiah Sahibah		"
820	Mr Djamalaeddin Sb.		"
821	Djoehoria. Sahibah		"
822	Mr Nelan Sahib.		"

(باقی)

نہایت ضروری اعلان

احباب کو معلوم ہے کہ شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری وغیرہ دشمنان سلسلہ احمدیہ کے ساتھ مل کر جماعت احمدیہ کے خلاف فتنہ پیدا کر رہے ہیں ۔ اور خلافت اور نظام جماعت کو درہم برہم کرنا چاہتے ہیں ۔ اس فتنہ کے مقابلہ کے لئے انجمن انصار خلافت کے ممبر خدا تعالٰے کے فضل سے میدان عمل میں آ رہے ہیں ۔ احباب کا فرض ہے ۔ کہ نہایت تندہی سے اس فتنہ کے مقابلہ کے لئے اس انجمن سے تعاون کریں ۔ بکثرت ممبر بنیں اور لٹریچر کی باقاعدہ اشاعت کریں ۔ اس فتنہ کے انسداد کے متعلق مفید مشورہ سے آگاہ کریں ۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰے کی تقریر فخر الدین صاحب کے اخراج کے متعلق زائد تعداد میں چھپوائی گئی ہے ۔ نیز اشتہار "یاد ماضی" بھی زیادہ طبع ہوا ہے ۔ احباب محض خرچ ڈاک بھیجکر طلب فرمائیں ۔

سکرٹری انجمن انصار خلافت قادیان

159
Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الفضل
قادیان دار الامان مورخہ ۱۷ جمادی الاوّل ۱۳۵۶ھ

فلسطین کی تقسیم کے خلاف جذبۂ عام

فلسطین کی رپورٹ میں فلسطین کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا - اور حصے ایسے قرار دیا جن میں مسلمانوں کے ساتھ صریح ناانصافی کی گئی ہے - ایک ایسا غیر مدبرانہ فعل ہے - کہ اگر حکومت برطانیہ نے اس کی تصدیق کر دی اور اس پر عمل شروع کر دیا - تو تمام مسلمانانِ عالم میں سخت اضطراب اور بے چینی پھیل جائے گی - مسلمانانِ ہند میں اس بارے میں جو جذبات پائے جاتے ہیں - ان کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے - کہ یونی نسٹ پارٹی تک نے اسمبلی میں اس پر بحث کرنے کی تجویز پیش کی -

اور عام مسلمان اپنے جلسوں میں بڑے غم و غصہ کا اظہار کر رہے ہیں - بیرون ہند کے مسلمانوں میں سے فلسطین کے قرب وجوار کی اسلامی حکومتوں میں خاص جوش پایا جاتا ہے - چنانچہ سلطان ابن سعود - امام یمن - اور عبد العزیز قائد اعظم اعراب ٹیونس کے بیانات اخبارات میں آ چکے ہیں :-

سلطان ابن سعود نے کہا - ہم اس بات کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتے کہ بیت المقدس اور فلسطین کے ٹکڑے کر دیئے جائیں - برطانیہ نے تقسیم فلسطین کا اعلان کر کے مسلمانانِ عالم کو اس بات کی دعوت دی ہے - کہ وہ اپنے قبلۂ اول کو برطانی استعمار اور یہودی استبداد سے بچانے کے لئے کونسی تدابیر عمل میں لاتے ہیں :-

امام یمن نے فرمایا - فلسطین کے عربوں کی مصیبت چالیس کروڑ فرزندانِ اسلام کی مصیبت ہے - مسلمان اس کو کسی صورت میں بھی نظر انداز نہیں کر سکتے - کہ تقسیم فلسطین ایک بدترین تجویز ہے - جس کو ناکام بنانا ہر عرب کا فرض ہے :-

علامہ عبد العزیز لکھتے ہیں - افریقہ کے عرب ارضِ مقدس کے عربوں کے ساتھ ہیں - اور تقسیم فلسطین کی سکیم کو کسی حال میں ایک لمحہ کے لئے بھی برداشت نہیں کر سکتے :-

ایک طرف تو یہ صورتِ حالات ہے اور دوسری طرف حکومتِ برطانیہ میں ایسے دور اندیش اور انصاف پسند وجود بھی موجود ہیں - جو تقسیم فلسطین کے خلاف پُر زور آواز بلند کر رہے ہیں چنانچہ دار الامراء میں فلسطین رپورٹ پر بحث و تمحیص کے دوران میں لارڈ سنیل نے تقریر کرتے ہوئے کہا -

" میں لیبر پارٹی کی طرف سے تقسیم فلسطین کی تجویز کے غیر منصفانہ اور خطرناک ہونے کا اعلان کرتا ہوں "

اسی طرح وسکونٹ سیموئل نے جو فلسطین کے پہلے ہائی کمشنر تھے - کمیشن کی رپورٹ پر اور خصوصاً تقسیم کی تجویز پر شدید نکتہ چینی کی - اور کہا " فلسطین میں یہودیوں کی آمد پر زیادہ پابندیاں عائد کی جائیں اور عربوں کے مذہبی جذبات کا احترام کیا جائے "

حکومتِ برطانیہ کا فرض ہے - کہ ان مدبرین کی آواز پر کان دھرے اور محض اس لئے کہ وہ طاقت اور قوت کے ساتھ جو چاہے - فلسطین کے عربوں سے منوا سکتی ہے - تقسیم فلسطین کو عمل میں نہ لائے :-

دار الامرا کی بحث کے دوران میں آرچ بشپ آف کنٹربری نے حکومت کو اس لئے مبارکباد دی - کہ اس نے مقدس مقامات کو مستقل طور پر اپنے قبضہ میں لے لیا ہے - جس جذبہ کے ماتحت آرچ بشپ نے یہ مبارکباد پیش کی ہے - وہ بھی ظاہر کرتا ہے - کہ اہلِ فلسطین کے ساتھ منصفانہ سلوک نہیں کیا گیا - ملک کا زرخیز اور بندرگاہ والا علاقہ یہودیوں کے حوالے کر دیا گیا - اور مقاماتِ مقدسہ پر حکومت برطانیہ نے مستقل قبضہ کر لیا - باقی مسلمانوں کے پاس کیا رہا - کہ وہ مطمئن ہو سکیں :-

گائے سے ہندوؤں کا شرمناک سلوک

آج کل ہندوؤں نے کشمیر میں اس لئے شورش برپا کر رکھی ہے - کہ چیف جسٹس نے چند مسلمانوں کی گائے ذبح کرنے کے جرم میں سزا سات سال سے گھٹا کر ایک سال کیوں کر دی - حالانکہ انہیں بالکل بری کر دینا چاہئے تھا - کیونکہ چیف کورٹ پر ثابت ہو گیا تھا - کہ ملزموں نے یہ فعل رات کے وقت پوشیدہ طور پر کیا جس سے کسی کی دلآزاری نہیں ہوئی - اور جب دلآزاری نہ ہوئی - تو ملزم سزا کے بھی مستحق نہ تھے مگر ہندوؤں کا مطالبہ یہ ہے - کہ خواہ کوئی سات پردوں میں گائے ذبح کرے - اسے کم از کم سزا سات سال دینی چاہیئے - لیکن یہی گئو ماتا جس کی خاطر ہندوؤں کا جذبہ مسلمانوں کے خلاف نہایت شدت اختیار کر لیتا ہے - حتیٰ کہ ان کا خون بہانے سے بھی دریغ نہیں کیا جاتا - اسی کے ساتھ خود ہندوؤں کے جس شرمناک سلوک کا ذکر آج کل آریہ اخبارات میں ہو رہا ہے - وہ یہ ہے - کہ ہندو گوالے گائے کے پیٹ میں ایک موٹا بانس فٹ ڈیڑھ فٹ کی گہرائی تک داخل کر کے پھر زور سے اس میں پھونکیں مارتے ہیں - جس سے سارا دودھ تھنوں میں اُتر آتا ہے - یہ ایسا ظالمانہ اور سنگدلانہ طریق عمل ہے - کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں :-

اس سے ظاہر ہے - کہ ہندوؤں کے دلوں میں گائے سے کس قدر ہمدردی اور محبت ہے -

ایک آریہ کے خلاف مقدمہ

پچھلے دنوں آریہ یووک سماج قادیان کے جلسہ میں ایک شخص پنڈت شانتی پرکاش اپدیشک آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف جو تقریر کی تھی - اور جس کا ذکر نہایت دکھ اور درد کے ساتھ الفضل میں کیا جا چکا ہے - اس کی بناء پر حکومت نے زیر دفعہ ۱۵۳ - الف اس سے خلاف مقدمہ چلایا ہے اس کا ذکر کرتا ہوا - آریہ اخبار " پرکاش " لکھتا ہے :-

" ضلع گورداسپور کے آریہ بھائی اس بات سے ناواقف نہیں ہو سکتے - کہ ابھی بہت عرصہ نہیں ہوا - جبکہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری پر ان کی قادیان کی ایک تقریر کی بناء پر ایک مقدمہ چلایا گیا تھا - اس مقدمہ کی سماعت بھی گورداسپور میں ہوئی تھی - اور سینکڑوں اور ہزاروں احراری مسلمان اس مقدمہ کی سماعت کے لئے جمع ہوا کرتے تھے - ہم اپنی ناطاقتی کی وجہ سے وہ حالت تو پیدا نہیں کر سکتے - لیکن اپنی دلچسپی کا اظہار تو کر سکتے ہیں - اور اپنے طرز عمل سے اس بات کا ثبوت تو ہم پہونچا سکتے ہیں - کہ ایک آریہ بھائی کی مصیبت ہماری مصیبت ہے "

دراصل ان الفاظ میں آریوں کو مقدمہ کے دوران میں اپنی شان دشوکت کے اظہار کی تحریک کی گئی ہے - اور یہ بتایا گیا ہے - کہ اس مقدمہ میں اپنا سارا زور صرف کر دیں - آریوں کے اس وقت تک کے طریق عمل سے سوائے اس کے توقع بھی کیا ہو سکتی ہے - کہ وہ جماعت احمدیہ کے خلاف ہر ممکن کوشش کریں :-

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی خلافت کے عظیم الشان برکات

ان دنوں شیخ عبد الرحمٰن صاحب مصری اور منشی فخر الدین ملتانی نے اپنے شامتِ اعمال کے نتیجہ میں سلسلۂ احمدیہ سے اخراج کے بعد جماعت میں جو فتنہ برپا کرنے کی ٹھانی ہے۔ وہ کوئی عجوبہ نہیں۔ ازمنہ ماضیہ میں خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعتوں اور بالخصوص امتِ محمدیہ اور سلسلہ احمدیہ کی تاریخ میں ایسی نظیریں موجود ہیں۔ جن پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ ایسے لوگوں کو ناکام اور رسوا کیا۔ اور جہاں وابستگان خلافتِ الٰہیہ کو ایمان اور اخلاص میں ترقی عطا کی۔ وہاں منکرین ومفسدین کی ذلت ومسکنت اور روحانی بربادی کے سامان فراہم کر دیئے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ سے لے کر اس وقت تک جتنے افراد مرتد ہوئے اُن میں سے ایک بھی ایسا نہیں۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا یا دینی مقاصد کو وجہ ارتداد قرار دیا ہو۔ بلکہ یہ سب لوگ اپنے ذاتی مطالب اور اغراض پورے نہ ہونے کی وجہ سے اختلاف پر آمادہ ہوئے اس لئے ان کا کوئی اعتراض یا شکوہ درخور اعتنا نہیں۔ اول تو خلیفۂ وقت کے ساتھ اختلاف پیدا ہونا ہی آداب شرائطِ بیعت کے منافی ہے۔ مگر جب کسی امر میں ایسی نوبت آجائے۔ تو فرمانبرداری اور اطاعت کی حدود میں رہتے ہوئے اپنے خیالات کی اصلاح کرنی چاہیئے۔ نہ یہ کہ فتنہ آرائی پر کمر باندھ لی جائے۔

رحمانی اور شیطانی طاقتوں کا ہمیشہ سے مقابلہ چلا آیا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدوں اور ان کے متبعین کو فوقیت وغلبہ دے کر حق وباطل میں امتیاز کر دکھایا پس مظلومیت کی مصنوعی داستانیں اور فریبانہ انداز مومنوں کے ایمان کو کسی قسم کا گزند پہونچانے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ کیا شیخ مصری کا فتنہ غیر مبایعین اور احرار کے فتنہ سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

مولوی محمد علی صاحب اور خواجہ کمال الدین صاحب نے اپنے رفقاء کی معیت میں سلسلۂ خلافت کو مٹانے میں کونسی کسر اٹھا رکھی۔ جماعت میں فی الواقعہ ان لوگوں کا اثر ورسوخ تھا۔ صدر انجمن احمدیہ قادیان کا سارا نظم ونسق ان کے ہاتھ میں تھا۔ اور قادیان سے روانگی کے وقت انہوں نے طرح طرح کی تعلیوں اور دھمکیوں کے آوازے کسے الغرض خلافتِ حقہ کو مٹانے کے لئے انتہائی کوششیں کیں۔ اور اب تک ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے لیبدلنھم من بعد خوفھم امنا کے ماتحت حضرت احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حقیقی بروز سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کو خود مسند خلافت پر متمکن فرمایا۔ آپ کو غیر معمولی طور پر ظاہری وباطنی اور روحانی وجسمانی علوم سے منور کیا۔ شوکت وعظمت سے بہرہ وافر بخشا۔ اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ حضور کے ذریعہ اشاعتِ اسلام اور ترقی سلسلہ کا عظیم الشان کام کرا کر آپ کو مظفر ومنصور کیا غرض اللہ تعالیٰ نے بغاوت کنندگان پر مکمل غلبہ وتفوق دے کے روزِ روشن کی طرح واضح کر دیا۔ کہ تائیدِ یزدانی حضور کے ساتھ ہے۔ اور آپ ہی خلیفۂ برحق ہیں۔

اس کے بعد احرار نے بعض سیاسی اغراض کے ماتحت جماعت احمدیہ اور خلافتِ ثانیہ کو کالعدم کرنے کے لئے منظم اور پے درپے کوششیں کیں۔ اور صاحبِ اختیار لوگوں کی معتد بہ تعداد کو اپنا ہم خیال اور معاون بنا کر مخالفانہ اور معاندانہ اقدامات کو انتہا تک پہونچا دیا۔ مگر حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے خداداد فراست، تدبر اور حکمتِ عملی سے دشمن کو ایسی شکست فاش دی۔ کہ اب احرار کو ہر طرف سے ناکامی اور ذلت ہو چکی ہے۔ اور اُن کا وجود تک معدوم ہو رہا ہے۔

پس ان واقعات اور شاہدات کے پیش نظر مصری صاحب کی ناسپاسی اور رعونت ان کے حق میں کیسے مفید نتائج پیدا کر سکتی ہے۔ جبکہ وُہ اس خلیفہ سے برسرِ پرخاش ہوں۔ جو حسن و احسان میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا نظیر اور مظہر الحق والعلاء ہے۔ جس کے ذریعہ دورِ حاضرہ کے مامور کے متعدد الہامات اور پیشگوئیاں پوری ہوئیں۔ جس نے اپنے تئیس سالہ عہد خلافت میں چار دانگِ عالم میں اسلام کا بول بالا کر دکھایا۔ اور خدا تعالیٰ کے سچے دین کی مہتم بالشان خدمت سرانجام دی۔ جس نے ظاہری وباطنی فیوض اور فوق العادت مجاہدات سے ملک وملت کی اتنی گراں قدر خدمت کی کہ ان کی تعریف میں دشمن بھی رطب اللسان ہے۔

خاکسار مرزا محمد حسین احمدی شاہجہانپوری

قابلِ توجہ نظارت تعلیم وتربیت

کچھ عرصہ ہُوا چند چھوٹے لڑکوں نے ایک رسالہ "المبشر" کے نام سے ماہواری ٹریکٹ کے طور پر جاری کیا۔ جس کا ذکر "الفضل" میں بھی کیا جا چکا ہے۔ ہمیں بتایا گیا تھا۔ کہ وُہ کسی تجربہ کار کی زیر نگرانی شوق مضامین نویسی پورا کریں گے۔ لیکن چند ماہ سے وُہ ایسے طریق پر جا رہا ہے۔ جو سلسلہ کی روایات کے خلاف مرکزِ احمدیت کی شہرت کو بگاڑنے والا اور تعلیم احمدیت سے دُور ہے۔ مثلاً نمبر ۸ میں "مسٹر ارنا بھینا" کا قلمی خاکہ" کھینچتے ہوئے خدا تعالیٰ کی ذاتِ پاک کو بھی (نعوذ باللہ) یوں نشانہ تمسخر بنایا گیا ہے۔ کہ "ماہرین عمارت کا خیال ہے۔ کہ اللہ میاں نے اس گنبد گردوں کی تعمیر کے لئے اکیسویں صدی کے انجنیروں سے مشورہ لیا ہوگا۔ ورنہ آج کل کے گنبدوں میں اتنی نفاست کہاں۔"

بازی بازی بارِیش بابا ہم بازی کی اس سے بدترین مثال اور کیا ہو سکتی ہے۔ کہ خدائے قدوس سے ہنسی اور تمخول کیا جائے۔

پھر رسالہ میں ایک تصویر دینے کی وجہ خود صاحبِ تصویر نے یہ بیان کی ہے۔ کہ "لوگ یہ نہ کہیں اماں پھینکو بھی اس رسالہ کو اس میں دکھائی گیا ہے۔ کوئی تصویر بھی تو نہیں دی سالے نے۔" اسی طرح "اسکول کی شرارتیں" کے عنوان سے لڑکوں کے سامنے استادوں کے متعلق سخت گستاخانہ رویہ اختیار کرنے کی مثالیں پیش کی گئی ہیں۔

یہ چند امور بطور مثال پیش کر کے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ نظارت تعلیم وتربیت کو اس بارے میں مناسب انتظام کرنے کے متعلق توجہ دلائیں۔

شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری کی راست گوئی کی حقیقت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اللہ تعالےٰ کے مومن بندہ کا دل اس قدر نور سے بھر جاتا ہے۔ کہ اس کے آثار چہرہ پر بھی نمودار ہو جاتے ہیں لیکن جب کسی منافق پر اللہ تعالےٰ کا غضب نازل ہوتا ہے۔ تو اس کی قلبی کیفیت کا انعکاس ملعونیت کے رنگ اس کے چہرہ پر نمایاں ہو جاتا ہے

جب مومن یا منافق کی یہ حالت ہو تو وُہ اپنی اندرونی کیفیات کے مطابق دوسروں کے متعلق قیاس کرے گا۔ یعنی مومن ہر شخص کے متعلق حسنِ ظن سے کام لے گا۔ اور بغیر شرعی ثبوت کے کسی کی طرف کوئی عیب منسوب نہیں کرے گا۔ مگر منافق جیسے خود شکوک سے پُر اور گند سے بھرا ہوا ہوتا ہے ویسے ہی دوسروں کو سمجھے گا۔ اس کی عام فہم مثال یرقان کے مریض کی سی ہے جب اس کا جگر تندرست ہوتا ہے۔ اس کو ہر رنگ کی پہچان ہوتی ہے لیکن جب مرض میں مبتلا ہو جائے۔ تو پھر اس کے واسطے سفید بھی زرد اور سُرخ بھی زرد ہوتا ہے۔ اسی طرح جب تک اللہ کریم کا فضل شاملِ حال ہو اور ایمان درست ہو۔ نیک و بد کی تمیز ہوتی ہے اور جب ایمان ضائع ہو جائے۔ ساتھ ہی یہ طاقت بھی سلب ہو جاتی ہے اسی اصل کے ماتحت شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری اور فخر الدین ملتانی نے بھی حضرت امامنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی ذاتِ مبارک کے خلاف بیہودہ سرائی شروع کی ہے اور اس طرح اپنی گندی ذہنیت کا ثبوت دیا ہے:۔

جماعت احمدیہ کئی بار ایسی شیطانی اور رحمانی جنگوں کا منظر دیکھ چکی ہے جب اللہ تعالےٰ نے ان سب جنگوں میں فتح اور نصرت ہمارے حصہ میں رکھی ہے تو کیا اس جنگ [illegible] ہو وُہ دشمن ہماری پیٹھ دیکھ سکیں گے۔ ہرگز نہیں۔ ہر دفعہ نتیجہ یہی نکلا۔ کہ مومن ہر فتح کے بعد مزید قربانیوں کے لئے طیار ہو گئے اور دشمن شکست کھا کر نامراد رہے اب بھی انشاء اللہ ایسا ہی ہوگا۔

کوئی مصری ہو۔ یا ملتانی۔ کیا وُہ مباہلہ والوں سے زیادہ گند اچھال سکتے ہیں۔ کیا ان کو "زمیندار" سے بھی زیادہ ملکہ فحش گوئی ہے؟ جب اُن کی تدبیریں ان کے خلاف پڑیں۔ اور انہوں نے اپنے ہاتھ خود کاٹے۔ تو یہ کس باغ کی مولی ہیں:۔

سائنس کا ایک اصول ہے۔ کہ Force (طاقت) کا وزن کرنے کے لئے کسی Resistaince (بوجھ) کی ضرورت ہے۔ اسی طرح مومنوں کے اخلاص کے اظہار کے لئے۔ اور اللہ تعالےٰ کے تازہ نشانات کے رونما ہونے کے لئے مخالفت کا ہونا قدیمی سنت کے ماتحت لازمی ہے۔ جب کثرتِ مخالفت ہمیشہ سے ہی ایک مامور من اللہ کی صداقت کی علامت رہی ہے تو پھر ہمیں بھی ہر مخالفت کا منتظر رہنا چاہیئے۔ مگر کیا پچھلے چند سال مخالفت کے نتیجہ میں ہم نے ایمان افروز اور رُوح پرور نظارے نہیں دیکھے۔ پس جب مخالفت ہمیں اچھے اچھے پھل یعنی تازہ بتازہ نشانات اور فدائیت کی راہ میں قربانیوں کا جوش دے۔ تو پھر ہمیں کیا گھاٹا ہے۔ میرے نزدیک یہ فتنہ پُرانے فتنہ کی ایک شاخ ہے۔ اور مصری و ملتانی نے مستریوں کا دوبارہ جنم لیا ہے۔ پیغامیوں اور مستریوں سے میل ملاپ۔ پوسٹر چھپوا کر احراریوں سے تقسیم کرانا وغیرہ ثابت کرتا ہے۔ کہ یہ دیرینہ سازشیں تھیں۔ جو در پردہ ہو رہی تھیں:۔

میری سمجھ میں آج تک ان کی یہ فلاسفی سمجھ میں نہیں آئی۔ کہ انہیں ہر شخص کی رو تو دکھائی دی جماعت میں۔ مگر کیا وہ خلیفۂ وقت کو۔ کہ جا کر تو دکھائی دیا انہیں جماعت میں۔ اور گالیاں دینے لگ گئے خلیفۂ وقت کو۔ پھر اصلاح درکار تھی جماعت کی اور خطوط میں لکھا یہ کہ تنہائی میں حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز اُن سے فیصلہ کر لیں۔ اگر انہیں ہمدردی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت سے ہوتی۔ تو جماعت میں رہ کر اصلاح کرتے۔ نہ یہ کہ جماعت سے نکل کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بدترین دشمنوں اور احمدیت کے معاندین کی دہلیزوں پر لوٹنے لگ جاتے۔ اس انوکھی اصلاح کا بیڑہ مصری و ملتانی صاحب نے شاید ان دنوں سے اٹھا رکھا ہے۔ جبکہ مقدمہ سرکار بنام عبدالمنان کی سماعت بٹالہ میں بعدالت علاقہ مجسٹریٹ صاحب ہو رہی تھی۔ انہیں یاد ہوگا۔ کہ وُہ دونوں گواہ استغاثہ تھے۔ اس وقت جس طرح انہوں نے حق پوشی اور غلط بیانی سے کام لیا۔ وُہ انہیں یاد ہوگی۔ کیا یہی تھی ان کی مومنانہ شان کہ بیان دیں حلف اٹھانے کے بعد۔ مگر پھر بھی حق پوشی سے کام لیں۔ جب ملتانی صاحب سے متعدد سوال کئے گئے۔ تو انہیں بعض دفعہ یہی کہنا پڑا۔ کہ "یاد نہیں ہے۔ علم نہیں ہے" حالانکہ ان سوالوں کے جواب وُہ بخوبی جانتے تھے:۔

اسی طرح مصری صاحب پر جب سوال کیا گیا۔ کہ کیا فرد برآمدگی ایک بار پھاڑ کر دوبارہ بنائی گئی اور دوبارہ آپ کے دستخط کرائے گئے۔ تو کہا۔ نہیں۔ حالانکہ انہوں نے خود مجھ سے کہا تھا۔ کہ بوجہ غلط تاریخ ڈالے جانے کے دوبارہ فرد بنائی گئی تھی:۔

پھر دوسرے سوال کے جواب میں کہ عبدالمنان کا بیان جو آپ کی موجودگی میں انسپکٹر پولیس کے روبرو ہوا تھا۔ اس میں عبدالمنان نے چوری کی غلط یا صحیح حقیقت ظاہر کی تھی۔ اس کا جواب انہوں نے خلافِ واقعہ دیا۔ اور خود بھی باہر آ کر مجھ سے کہا۔ کہ آپ نے ایسا گندہ سوال پوچھ لیا۔ میں نے کہا۔ بات کیا ہے۔ تو بتایا۔ کہ ملزم نے بیان میں چند مستورات کو لپیٹا تھا۔ اور وُہ شک کا باعث تھا:۔

پھر دورانِ مقدمہ سرکار بنام عبدالرحمٰن صاحب جٹ مصری صاحب ایک دفعہ جب بٹالہ تشریف لائے تو مجھ سے فرمانے لگے۔ آپ نے کسی سے کہا ہے۔ کہ میں نے جھوٹ بولا۔ خاکسار نے کہا۔ ہاں۔ اور میرا اشارہ آپ کے بیان بمقدمہ سرکار بنام عبدالمنان کی طرف ہے اس پر کافی دیر آپ نے اس بیان کی تاویل اور مطلب۔ اور ماحول سمجھانے میں صرف کی:۔

اب ازروئے انصاف دیکھیں تو دہریت کی رو اور بگاڑ جماعت میں نہیں۔ بلکہ مصری صاحب۔ اور ملتانی صاحب کے دلوں میں پایا جاتا ہے۔ کاش کہ یہ ہر دو دوسرے کی آنکھ سے شہتیر نکالنے سے پہلے اپنی آنکھ سے تنکا نکال لیتے۔ اور پھر اصلاح پر کمربستہ ہوتے:۔

یہ کہاں کی راست گوئی۔ اور ایمان داری ہے۔ کہ بیان تو دیں واقعاتی اور حلف اٹھا کر۔ مگر تاویل کا حق۔ اور ماحول کا بہانہ بنا کر جھوٹ بولیں۔ سچ ہے۔ کہ ہر فتنہ کی جڑ جھوٹ اور بدظنی ہے:۔

اب قابلِ غور بات یہ ہے۔ کہ وُہ شخص جو ایک نہایت معمولی شہادت میں اس طرح خلافِ حقیقت باتیں بیان کر سکتا ہے حالانکہ نہ اسے کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کا اندیشہ تھا۔ اس کے اتنے بڑے بول پر کیونکر اعتبار کیا جا سکتا ہے۔ کہ جماعت احمدیہ میں دہریت پھیل چکی ہے۔ اور اس کی اصلاح کا کام اس کے سپرد ہوا ہے:۔

خاکسار شیخ ارشد علی بی ایس سی - ایل ایل بی - پلیڈر بٹالہ:۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

موجودہ فتنہ کے متعلق بعض اصحاب کے خواب

(۷)

چند دن ہوئے میری اہلیہ صاحبہ نے ذرا سی غنودگی میں یہ خواب دیکھا کہ تین شخص ہیں۔ ایک خاموش ہے دو آپس میں باتیں کرتے ہیں۔ کہ مختار اللہ تعالیٰ کا آیا ہے فخرالدین صاحب کا انجام اچھا نہیں۔

شکر الٰہی از چوہڑ کانہ منڈی

(۸)

خاکسار نے خواب میں دیکھا۔ کہ ایک عربی کتاب شائع ہوئی ہے۔ اس کا نام "حصحص الحق" ہے۔ میں نے اس کے پڑھنے کا اشتیاق ظاہر کیا۔ اور خیال آیا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جو کتاب خطبہ الہامیہ ہے۔ یہ کچھ ویسی ہی ہے۔ اور خطبہ الہامیہ میں نے پڑھا ہوا ہے۔ اس کتاب کی کئی کاپیاں میں نے کئی ایک کے پاس دیکھیں۔ واللہ اعلم بالصواب

خاکسار شیخ لطیف الرحمن۔ بی۔ اے قادیان

(۹)

اس عاجز نے پہلے جبکہ احرار کا فتنہ شروع تھا بہت سی خوابیں دیکھیں جو خدا کے فضل سے پوری ہوئیں۔ اب یہ رویا دیکھا ہے۔

میں نے دیکھا کہ حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نہایت خوبصورت اور عمدہ لباس میں ہیں۔ اور ہم بہت سارے نوجوان ہیں۔ جن کے آگے بڑی شان و شوکت کے ساتھ جا رہے ہیں۔ ہم سب باری باری آپکی خدمت میں سفید الائچیاں کھانے کیلئے پیش کرتے ہیں۔ جس کو آپ قبول فرما کر موتہہ میں ڈالتے ہیں۔ اور ناممکنات اور دشوار گذار راستوں سے آپ آنکھ کی جھپک میں گزر جاتے ہیں۔ اور ہم بھی کسی نہ کسی طرح کوئی راستہ نکال کر آپ تک پہونچ جاتے ہیں۔ اور سب مل کر یہ کہتے جا رہے ہیں۔ کہ حضور آپ چلتے جائیں ہم سب آپ کے ساتھ ہیں"۔ جن میں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ برادرم ظہیر الحق خان بھی موجود ہیں گویا کہ ہم نعروں میں اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کرتے ہوئے حضور کو عقیدت کا یقین دلا رہے ہیں۔ اس کے بعد صبح کی نماز کے لئے میری آنکھ کھل گئی۔

خاکسار قاضی عبدالرشید ارشد چک نمبر ۴۶ کوٹ موجدین

(۱۰)

خاکسار اس موجودہ فتنہ سے جماعت کے محفوظ رہنے کے لئے حتی الامکان دعا کرتا رہتا ہے۔ ۹۔۱۰ر جولائی کی درمیانی رات ایک خواب کے ذریعہ ایک عجیب نظارہ دکھائی دیا۔ جو منافقین کی ذلت و رسوائی پر دلالت کرتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ میں قادیان شریف میں ہوں۔ میرے ساتھ ایک احمدی دوست امام بخش خان بھی ہیں۔ میں نے دیکھا۔ کہ ایک بڑا دروازہ ہے۔ جس کا رخ شمال مشرق کو معلوم ہوتا ہے۔ اس دروازہ سے شیخ عبدالرحمن مصری باہر نکل رہا ہے مگر میں دیکھتا ہوں کہ ڈاڑھی مونڈھی ہوئی ہے۔ اور رنگ قدرے سیاہ ہے۔ میں اپنے ساتھی سے کہتا ہوں کہ یہ ہندوؤں سے آئے تھے۔ ہندوؤں میں چلے جائیں گے۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔

یہ واقعہ میں حلفاً بیان کر رہا ہوں۔ مولا کریم اس پر شاہد ہے۔

خاکسار۔ علی محمد احمدی سکرٹری انجمن احمدیہ بستی بزدار۔

(۱۱)

کچھ عرصہ ہوا کہ خاکسار نے خواب میں دیکھا مسجد مبارک کی چھت پر محراب میں ایک چارپائی شمالاً جنوباً پڑی ہوئی ہے۔ اس پر حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بیٹھے ہوئے مجھے قرآن مجید پڑھا رہے ہیں۔ اور خاکسار بھی اسی چارپائی پر حضور کے ساتھ بیٹھا قرآن پڑھ رہا ہے۔ حضور کا لباس گرمی کا معلوم ہوتا ہے۔ اور صرف سفید ململ کا کرتہ جس کی آستینیں اوپر اٹھائی ہوئی ہیں زیب تن ہے۔ اچانک ایک اژدہا زمین سے اٹھ کر دیوار کے ساتھ ساتھ اوپر کو لڑھکتا ہوا آ رہا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضور کی طرف لپک رہا ہے۔ حضور نے جب اس کی طرف نگاہ فرمائی۔ تو جھٹ سانپ زمین کی طرف نیچے گر پڑا۔ اور آپ پھر مجھے پڑھانے میں مشغول ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہی سانپ پھر دیوار کے اوپر چڑھتا ہوا معلوم ہوا۔ لیکن مذکورہ چارپائی اس دفعہ درزی خانہ کے ساتھ والے کمرہ کی چھت پر محسوس ہوتی ہے۔ اور غالباً یہ چھت مدرسہ احمدیہ کے کمرے کی ہے۔ جو کہ احمدیہ بازار سے ملحق ہے جس میں خیال پڑتا ہے کہ مصری کا دفتر تھا۔ جونہی سانپ نے بے منڈیر چھت سے سر نکالا۔ اسی وقت اس کی موٹی گردن کو حضور نے اپنے داہنے ہاتھ سے دبوچ لیا۔ اس پر اس کا موتہہ کھل گیا۔ خاکسار اس کی کچلیوں کو اور مڑے ہوئے زہریلے دانتوں کو بخوبی دیکھ رہا ہے۔ اور خوف کھا رہا ہے۔ لیکن حضور بڑے اطمینان اور استقلال سے اس کی گردن کو دبوچے ہوئے ہیں۔ اسکے بعد حضور کے ہاتھ میں سانپ کا سر ایک ڈاڑھی منڈے ہندو کا ہو گیا ہے جس کے سر پر ایک ہندوانہ ٹوپی سیاہ رنگ کی رکھی ہوئی ہے۔ اور باقی دھڑ سانپ کا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سانپ کے سر کو زمین پر تین چار دفعہ رگڑ کر اپنے پاؤں اور ران کے نیچے سر کو دبا لیا ہے۔ اور بڑے اطمینان سے پھر مجھے پڑھانے میں مصروف ہو گئے ہیں۔ حضور کے چہرہ پر اطمینان اور نور برستا ہے۔

خاکسار غلام محمد عبد قادیان

(۱۲)

میں نے دیکھا کہ شائد قادیان میں یا لاہور میں مولوی محمد علی صاحب تقریر کر رہے ہیں۔ جس میں حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی وہ نعوذ باللہ بڑی توہین کر رہے ہیں۔ تقریر سننے کے لئے بہت سے آدمی جمع ہیں۔ وہاں پر دو اشخاص مولوی محمد علی کے پاس دو تو جانب بیٹھے ہیں۔ اور وہ توہین آمیز الفاظ سنکر بڑے خوش ہو رہے ہیں چنانچہ میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ دونوں کون ہیں۔ تو انہوں نے بتلایا کہ اس طرف کا فخرالدین ملتانی ہے اور اس طرف کا عبدالرحمن مصری ابھی یہ میں سننے ہی پایا تھا۔ کہ حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ تیزی سے وہاں سے گزرے۔ اور اپنا چہرہ مبارک مجمع کی طرف کیا۔ حضور کا چہرہ نور کی طرح چمک رہا تھا۔ لیکن مولوی محمد علی صاحب نے کچھ پروا نہ کی۔ اتنے میں خدا کی طرف سے ایک غیبی آواز آئی۔ جس کا مفہوم یہ تھا۔ کہ یہی میرے مسیح کا فضل عمر ہے یہ آواز جب لوگوں نے سنی۔ تو سب یکے بعد دیگرے حضور کی طرف دوڑے اور آپ کے پیچھے پیچھے ہو لئے۔ مولوی محمد علی صاحب میاں فخرالدین صاحب اور شیخ مصری صاحب اکیلے رہ جاتے ہیں۔ یہ پیچھے دوڑنا چاہتے ہیں۔ لیکن دوڑنے کی جرأت نہیں کرتے۔

خاکسار۔ عبدالحفیظ خان سلطانپور لاہور

توبہ نامہ

بحضور حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

خاکسار کے دل میں شیطان نے بعض وساوس ڈال دیئے تھے۔ جس سے میرے اعتقادات میں فرق آ گیا تھا۔ اور میں نے احمدیت سے بیزاری کا اعلان کر دیا تھا۔ اب چونکہ میں نے دوبارہ خدا تعالیٰ کے حضور توبہ کی ہے۔ اس لئے حضور میری توبہ قبول فرمائیں۔ میں خدا کے فضل سے احمدی ہوں۔ [illegible]

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے حضور مخلصین جماعت کے

مزید اخلاص نامے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(۱۱)

سیدی و مولائی! ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

پیارے آقا! موجودہ فتنہ سے جو اس عاجزہ کو تکلیف پہنچی ہے۔ مجھ میں طاقت نہیں۔ کہ اس کے متعلق ان احساسات کا اظہار کر سکوں۔ جو میرے دل میں موجزن ہیں۔ مگر میرے آقا میں محض اپنی عقیدت و ارادت کو حضور کی خدمت میں ابتغاءً لوجہ اللہ پیش کرتے ہوئے عرض کرتی ہوں۔ کہ میں اپنی عزت و جان اور مال سب کچھ آپ پر قربان کرنا سعادتِ دارین سمجھتی ہوں۔ اور دعا کرتی ہوں۔ کہ اللہ تعالےٰ حضور کو بد باطن مخالفین کے شر سے محفوظ رکھے۔

میرے پیارے آقا۔ حضور جانتے ہیں۔ کہ میں حضور کے ایک جان نثار اور وفادار غلام کی یادگار ہوں۔ انشاء اللہ العزیز حضور مجھے بھی امتحان کے وقت اپنے والد مرحوم و مغفور سے کم وفادار اور جان نثار نہیں پائیں گے وما توفیقی الا باللہ۔

سیدی میں ہر طرح آپ کی فرمانبرداری کا اقرار کرتی ہوں۔ اور آپ کو خلیفۂ برحق تسلیم کرتی ہوں۔ اور التجا کرتی ہوں کہ حضور للہ میری فلاح دارین کے لئے دعا فرما دیں۔

حضور کی حقیر خادمہ امۃ الحق بنت حافظ روشن علی صاحب مرحوم

(۱۲)

سیدنا و مرشدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

پیارے آقا! منافقین کے اخراج سے ہمارے ایمانوں کو بہت فائدہ ہوا۔ کیونکہ حضور بڑے عرصہ سے اپنے خطبات کے ذریعے ان کو اصلاح کا موقعہ عطا فرما رہے تھے۔ لیکن حضور کی پاک توجہ اور جماعت کی دعاؤں نے انہیں آشکارا کر دیا اور وہ خود ہی ظاہر ہو گئے۔ ان کا خیال تھا۔ کہ ہم کوئی چیز ہیں۔ اور جماعت میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ مگر خداوند کریم اور فرشتوں کے نزدیک وہ گوہ کھانے والی بھیڑیں ہی ہیں۔ پھر ایسے لوگوں کی خدا کو کیا پرواہ ہے۔

سید محمد حسین زیدی ضلع منٹگمری

(۱۳)

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

پیارے آقا! مصری صاحب کا یہ دعوےٰ کہ جماعت کا اکثر حصہ ان کے ساتھ ہے۔ بیہودہ اور باطل ہے۔ یہ کوئی نیا فتنہ نہیں۔ آگے بھی کئی ایسے منافقین برباد اور تباہ ہو گئے ہیں۔ ہمارے لئے تو یہ ایک احمدیت کے سچے ہونے کا نہایت زبردست ثبوت ہے کیونکہ خداوند کریم نے اپنے مسیح موعود کے ذریعے ایسے فتنوں کے متعلق جماعت کو قبل از وقت آگاہ کیا ہوا ہے۔

اس کیمپ میں ہم تین چار احمدی ہیں جو حضور کے ساتھ ایسی سچی عقیدت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ ہمیں خدا کی طرف سے حکم ہے۔ اچھا ہوا کہ حضور نے ایسے متکبر لوگوں سے دوسروں کو بچا لیا۔

ہم دعا کرتے ہیں۔ کہ مولا کریم حضور کو دیر تک ہمارے سروں پر قائم رکھے اور ہم خدا تعالےٰ کے وعدے جو کہ احمدیت کی ترقی کے متعلق ہیں حضور کے ہاتھوں پورے ہوتے دیکھیں۔

حضور کا ادنےٰ ترین غلام۔ جمعدار شیر محمد خان (کیمپ چلوستی وزیرستان)

(۱۴)

بحضور سیدنا امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

میرے پیارے آقا! خداوند کریم آپ پر اور آپ کے سارے خاندان پر برکتیں نازل فرمائے۔ میاں فخر الدین شیخ عبد الرحمٰن مصری اور حکیم عبد العزیز نے اگرچہ مخالفانہ پراپیگنڈا کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ لیکن یہ لوگ خدا تعالےٰ کے سلسلہ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ سلسلہ کا مددگار خدا تعالےٰ ہے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا۔ کہ چھوٹے بڑے کئے جائیں گے۔ اور بڑے چھوٹے کئے جائیں گے۔ اور ہم دیکھتے ہیں۔ کہ حضور کی یہ پیشگوئی پہلے بھی پوری ہوئی اور اس دفعہ بھی بڑی شان سے پوری ہوئی ہے۔

خاکسار محمد جمال از ترگڑی

(۱۵)

مخدومنا مکرمنا سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

میرے پیارے آقا۔ اللہ تعالےٰ کی ہزار ہزار رحمتیں و برکتیں حضور و خاندان حضور و نیز وابستگان دامن نبوت پر نازل ہوں اور اللہ پاک حضور و نیز حضور کے خاندان کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

میرے پیارے آقا جب سے میں نے یہ سنا اور اخبار الفضل میں پڑھا ہے۔ کہ چند اشخاص نے حضور کے دامن مبارک سے علیحدہ ہو کر سرکشی اختیار کی ہے۔ اور اپنا رسوخ جتا کر جماعت کے شیرازہ کو بکھیرنا چاہا ہے۔ اسوقت سے دل بیتاب ہو رہا ہے۔ میرے پیارے آقا میں خدائے پاک کو حاضر و ناظر جان کر جس کے قبضۂ قدرت میں ہماری جان ہے۔ عرض کرتا ہوں کہ یہ چند نفوس کیا ان کے ساتھ خدانخواستہ اگر اور لوگ بھی شریک ہو جائیں۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ ہمارے ایمان میں کسی قسم کا تزلزل نہیں آ سکتا حضور کے ابتدائے خلافت میں بھی مرتدین خلافت نے بہت شور مچایا جن کا کہ اس وقت بہت رسوخ سمجھا جاتا تھا مگر باوجود صاحب رسوخ ہونے کے ان کے دام تزویر نے ہمارے ایمان پر کوئی اثر نہ کیا۔ تو آج یہ چند نفوس جن کی کوئی وقعت جماعت کے دلوں میں نہیں کیا اثر ڈال سکتے ہیں۔

خدا شاہد ہے ان منافقوں کی وقعت ہم لوگوں کے دلوں میں پرِ پشہ کے برابر بھی نہیں۔ میں نے خدا کے مامور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سچا سمجھ کر حضور کی آواز پر لبیک کہا۔ اور اسی بنا پر حضور کے دست مبارک پر بذریعہ خط بیعت کی۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ کہ جب میں نے ۱۹۱۰ء میں حضرت خلیفہ اول رضہ کے دست مبارک پر بیعت کے لئے درخواست ارسال کی۔ تو اس خط میں پہلا شعر یہی تھا ؎

از حلقۂ بندگیت بیروں نروم
تا نقش حیات در نگین دلم است

اور ابھی تک بفضلہ تعالےٰ قائم ہوں۔ اور اللہ تعالےٰ کے دربار میں دست بدعا ہوں کہ اے پاک پروردگار تو اپنے اس ناچیز بندہ کو اس پر قائم رکھ

